# Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ... مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۷ محرم الحرام ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۱ اپریل ۱۹۳۴ء جلد ...

## حصہ اول

### خلاصہ آرڈران کونسل ریاست رامپور ❁ خلاصہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | برخاستگی کپتان معین الدین خان ساکنہ رامپور مشنی نفری | ۲ | ۱ | برقراری سلسلہ رخصت میاں عطاء الرحمن خان صاحب گارڈین عالیجناب نواب ولیعہد بہادر | ۱ |
| ۲ | تفویض خدمات اسسٹنٹ کنزرویٹر بکپتان محمد فضل حسین صاحب ... کی | ؍؍ | ۲ | فہرست ممبران میونسپل بورڈ | |
| ۳ | موسوم ... پبلک انفارمیشن آفیسر | ۳ | ۳ | رخصت ڈاکٹر جانسن لیڈی ڈاکٹر | ۲ |
| ۴ | منظوری رقم ... منتقل بابت صیغہ پولیس | ؍؍ | | | |
| ۵ | معافی قرضہ ... بوپرشاد ... | ؍؍ | | | |
| ۶ | تقرر روپ چند باشندہ ضلع غیر | ؍؍ | | | |
| ۷ | نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل | ۴ و ۵ | | | |
| ۸ | نسبت انفصال امور ... بذات خود صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل | ۵ و ۶ | | | |
| ۹ | ہدایت ... اسکیم ... ملازمان پولیس بعہدہ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر | ۸ | | | |
| ۱۰ | منظوری رقم ... سفر خرچ بافسران پولیس بحالت روانگی بکار سرکاری | ؍؍ | | | |
| ۱۱ | ہدایت ترسیل ... صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس | ۹ | | | |

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

# آرڈران کونسل ریاست رامپور

## آرڈران کونسل

ورج ۱۹ اپریل ۱۹۳۳ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء میں کاغذات بابت غیر حاضری کپتان معین الدین خاں مع نتیجہ کورٹ آف انکوائری پیش ہوئے۔ بغیر اجازت زریں ڈیوٹی سے ایک ذمہ دار افسر کا غیر حاضر ہونا ایک سنگین جرم ہے۔ چونکہ کپتان معین الدین خاں جوان عمر ہے اور اس سے پہلے کوئی ایسا قصور بھی نہیں کیا ہے۔ کونسل نے طے پایا کہ صرف اس سزا پر اکتفا کیا جائے۔ کہ کپتان معین الدین خاں کمپنی کمانڈر ریزرو کمپنی سکنہ رامپور تنفیذ تنخواہ کا نام تاریخ غیر حاضری سے ملازمت سے خارج کیا جائے۔ اور حبیبہ خاں حوالدار کمپنی مذکور کو صاحب آرمی منسٹر بہادر باختیار خود مناسب سزا دیدیں۔

حکم ہوا کہ

آرڈر مذکور کاغذات متعلقہ بغرض کارروائی اجراے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو
ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

(دستخط صاحب ... پرائیویٹ سکرٹری ...)

## آرڈران کونسل

ورج ۱۵ اپریل ۱۹۳۳ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۳ اپریل ۱۹۳۳ء میں تحریر جناب آنریبل منسٹر بہادر پیش ہوئی۔ طے پایا کہ حسب تحریر جناب آنریبل منسٹر بہادر کپتان احمد رضا خاں صاحب اے۔ ڈی۔ سی۔ کو تا ختم رخصت کپتان آغا ذاکر حسین صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر کا کام تفویض کیا جائے

کپتان احمد رضا خاں صاحب کو وہی اختیارات حاصل رہیں گے۔ جو کپتان آغا ذاکر حسین صاحب کو بحیثیت "اسسٹنٹ کنٹرولر" حاصل تھے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر مع تحریر منسلکہ برائے اجراے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو
ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

(دستخط صاحب ... سکرٹری ...)

# آرڈران کونسل

مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۴ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۳ اپریل ۱۹۳۴ء میں تحریر جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر پیش ہوئی۔ طے پایا کہ

حسب تحریر صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر آئندہ سے پبلسٹی افسر کو پبلک ریلیشن افسر کے نام سے موسوم کیا جائے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع تحریر مشمولہ بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ جات کو مرسلہ ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

# آرڈران کونسل

مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۴ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۳ اپریل ۱۹۳۴ء میں کاغذات بابت ... متعلق برائے محکمہ پولیس پیش ہوئے۔ طے پایا کہ

پولیس ... کے لئے ... روپیہ ماہوار ... کو پولیس آفس ... میں دیا جانا منظور ہو۔ دیگر صیغہ جات کے متعلق بھی صاحب فنانس سکریٹری بہادر ... بارہ میں مناسب تجویز مرتب کر کے پیش کریں۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہ ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

# آرڈران کونسل

مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۴ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۳ اپریل ۱۹۳۴ء میں کاغذات بابت معافی قرضہ ڈگی بابو پرشاد گماشتہ پیش ہوئے ایسی صورت میں جبکہ وصول قرضہ کا کوئی ذریعہ نہیں ہے اور بابو پرشاد گماشتہ کا ۱۹۳۳ء میں انتقال ہو چکا۔ متوفی نے کوئی جائداد متروکہ وغیرہ نہیں چھوڑی جس سے قرضہ وصول ہوگا۔ نیز بموجب تحریر صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر ... متوفی بوجہ ترکہ نہ چھوڑنے کے قانوناً بابت قرضہ کا ذمہ دار قرار نہیں دیا جا سکتا۔ کونسل سے منظوری دیجاتی ہے کہ مبلغ سات سو تیس روپیہ دس آنہ چھ پائی رقم قرضہ دکان خزانہ ڈگی بابو پرشاد گماشتہ متوفی حسب صراحت رپورٹ خازن ... معاف کیا جاوے۔ اور عہدہ دکان خزانہ میں خارجہ کا عملدرآمد کر دیا جاوے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہ ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

# آرڈران کونسل

مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۳۴ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۳ اپریل ۱۹۳۴ء میں کاغذات بابت تقرر روپ چند باشندہ ضلع غیر پیش ہوئے۔ مسٹر وسٹر سکلشن بورڈ نے تحریر کیا ہے کہ رامپور میں ایرپلانٹیشن کا کام جاننے والا دستیاب نہیں ہوتا۔ حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر و مسٹر وسٹر سکلشن بورڈ کو تقرر مذکور سے اتفاق ہے

کونسل سے طے پایا کہ حسب رپورٹ صاحب ریونیو منسٹر بہادر روپ چند باشندہ ضلع غیر کا تقرر بشاہرہ (اسی روپیہ) ماہوار ۲۰ دسمبر ۱۹۳۳ء سے بعہدہ سپروائزر ایرکنڈیشن پلانٹ ... چند ماہ منظور ہے۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۳۳ء سے ۳۱ مارچ ۱۹۳۴ء تک کی تنخواہ منظور شدہ بجٹ سال ۱۹۳۳-۳۴ء و صیغہ متعلقہ سے دی جاوے گی۔ اور یکم اپریل ۱۹۳۴ء لغایت ۱۹ جون ۱۹۳۴ء کی تنخواہ بجٹ منظور شدہ برائے سنہ ۱۹۳۴-۳۵ء سے دی جائے گی

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہ ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

# آرڈر ان کونسل۔ مورخہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء میں نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہوا۔ کونسل سے احکام مندرجہ نقشہ کی منظوری بضابطہ دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ آرڈر ہذا معہ نقشہ منسلکہ بغرض اجرائے احکام ضابطہ متعلقہ کو بھیجا جاوے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

استخراج صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

از دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

## نقشہ احکام متعلقہ اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

| نمبر نقشہ | نام دفتر | خلاصہ کاغذ | خلاصہ حکم | تاریخ حکم | خلاصہ حکم کونسل |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱) | دواخانہ | کاغذات منتقلی ... روپیہ از مد ... بمد فرنیچر | ... روپیہ کی منتقلی منظور ہے | ۱۰ مارچ سنہ ۳۴ء | |
| (۲) | پولیس | کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت محمد احمد خان محرک پولیس۔ | سلسلہ ملازمت برقرار و بحال کیا جانا منظور ہے۔ | ۔۔ | |
| (۳) | انہار | کاغذات رخصت اکیوم انجنیر صاحب انہار | رخصت اکیوم منظور ہے | ۱۳ ۔۔ | |
| (۴) | توشہ خانہ | کاغذات بحالی ابوالحسن وزیر حسن وغیرہ | بموجب رپورٹ خانساماں کو معطلی سے بحال کیا جاتا ہے۔ | ۔۔ | |
| (۵) | تعمیرات | کاغذات منظوری سفر خرچ صاحب انجنیر بہادر تعدادی ... روپیہ | ... روپیہ کی منظوری دیجاتی ہے | ۔۔ | |
| (۶) | دفتر چیف سکریٹری بہادر | تار مرسلہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر متعلق رخصت | یوم استفادہ ۲۰ مارچ سنہ ۳۴ء تک رخصت اتفاقیہ منظور ہے۔ | ۵ مارچ سنہ ۳۴ء | |
| (۷) | خاندان | کاغذات رخصت آٹھ یوم صاحبزادہ سید جعفر علیخاں بہادر و منجھلی بیگم صاحبہ سلسلہ رخصت سابقہ۔ | رخصت آٹھ یوم منظور ہے | ۱۸ ۔۔ | |
| (۸) | توشہ خانہ | کاغذات منظوری رخصت خانساماں منظور حسن | رخصت دو یوم منظور ہے۔ | ۔۔ | |
| (۹) | ہائی اسکول | کاغذات منتقلی از مد روشنی برقی بمد مصارف کیمیکل | سو روپیہ کی منتقلی منظور ہے | ۲۲ ۔۔ | |
| (۱۰) | موٹر گیراج | کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت عبدالحکیم خان موٹر ڈرائیور۔ | سلسلہ ملازمت سابقہ برقرار کیا جانا منظور ہے۔ | ۔ | |
| (۱۱) | دارالانشاء | تار مرسلہ سید شوکت علی ڈپٹی سکریٹری دارالانشاء متعلق رخصت اتفاقیہ ۲ یوم۔ | رخصت اتفاقیہ ۲ یوم منظور ہے | ۔ | |
| (۱۲) | روشنی برقی و ٹیلیفون | کاغذات منتقلی ۱/۱۳ روپیہ از مد مشاہرات روشنی برقی در مشاہرات ٹیلیفون۔ | ۳/۱۰ روپیہ کی منتقلی منظور ہے۔ | ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۳۴ء | |

| نمبر شمار | نام ڈپارٹمنٹ | خلاصہ کاغذ | خلاصہ حکم | تاریخ حکم | خلاصہ حکم کونسل |
|---|---|---|---|---|---|
| (۱۳) | خاندان | کاغذات رخصت یک ماہ صاحبزادہ سید لطافت حسین خاں | رخصت یک ماہ یوم استعفا منظور ہے | ۱۵؍ مارچ ۳۲ء | |
| (۱۴) | دفتر اسپورٹ رضا انفنٹری | کاغذات رخصت دس یوم کپتان صاحبزادہ سید اصغر علیخاں بہادر | دس یوم کی رخصت منظور ہے۔ | " | |
| (۱۵) | آرمی ہیڈ کوارٹر | کاغذات رخصت اتفاقیہ چار یوم کپتان لطافت اللہ خاں اے ڈی سی۔ | چار یوم کی رخصت منظور ہے۔ | " | |
| (۱۶) | رجسٹری | کاغذات رخصت ۳ یوم منشی ضیاء اللہ خاں رجسٹرار صدر۔ | رخصت اتفاقیہ ۳ یوم منظور ہے | " | |
| (۱۷) | آرمی ہیڈ کوارٹر | کاغذات رخصت اتفاقیہ یکہفتہ میجر اسد علیخاں اسٹاف آفیسر | رخصت یکہفتہ اتفاقیہ منظور ہے | " | |
| (۱۸) | ارباب نشاط مصاحبین | کاغذات منتقلی ماہوار رانہ مد مشاہرات ارباب نشاط بمد مشاہرہ مصاحبین۔ | دو سو روپیہ کی منتقلی منظور ہے | یکم اپریل ۳۲ء | |
| ۱۹ | جوڈیشل | روبکار ترمیم دفعہ ۱۴۸ قواعد میونسپلٹی | ترمیم منظور ہے | ۲۹؍ مارچ ۳۲ء | |
| ۲۰ | آرمی ہیڈ کوارٹر | کاغذات منظوری رخصت بیس یوم کپتان مشکور علی اے ڈی سی | بیس یوم کی رخصت منظور ہے | ۳۱؍ " | |
| ۲۱ | آبکاری | کاغذات رخصت رعایتی سات یوم حسب ضابطہ پنشن آبکاری عہدہ داری انسپکٹر حلقہ | سات یوم کی رخصت منظور ہے | " | |
| ۲۲ | لانسرز | کاغذات رخصت رعایتی دس یوم کمانڈنگ آفیسر لانسرز [illegible] | دس روز کی رعایتی رخصت منظور ہے | یکم اپریل ۳۲ء | |
| ۲۳ | سکنڈری تعلیم | کاغذات رخصت آٹھ یوم لفٹننٹ ایڈجوٹنٹ | رخصت آٹھ یوم منظور ہے | ۲؍ " | |
| ۲۴ | جوڈیشل | کاغذات ترمیم تاریخ انتخاب ممبران میونسپلٹی بجائے ۱۵ کے ۱۳؍اپریل سنہ حال | منظور ہے | ۲؍ " | |
| ۲۵ | ریونیو آفس | کاغذات منتقلی تین سو روپیہ ماہوار از مد مشاہرات تحصیل بمد [illegible] آفس | ماہوار کی منتقلی منظور ہے | ۴؍ " | |

[illegible]

# آرڈران کونسل

واقع ۱۹/اپریل سنہ ۱۹۳۲ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۴/اپریل سنہ ۱۹۳۲ء میں نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہوا کونسل سے احکام مندرجہ نقشہ کی منظوری ضابطہ دیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع نقشہ منسلکہ بغرض اجرائے احکام ضابطہ بحضور صدر کونسل بھیجا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط سکرٹری بہادر کونسل

## نقشہ احکام متعلقہ اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

| نمبر | نام محکمہ | خلاصہ کاغذ | خلاصہ حکم | تاریخ حکم | خلاصہ حکم کونسل |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | پبلک ورکس | کاغذات زرنگی بصورت خاص بابت قیمت سامان جاتی پریس کی متعلق حسابات کتہ تعدادی [illegible] | بصورت خاص [illegible] بمد خزانہ سے ادا دیجا نیکی | ۷/اپریل ۱۹۳۲ء | منظور ہے |
| ۲ | کتب خانہ فنانس آفس | کاغذات منتقلی از مد مشاہرات کتب خانہ بمد خریداری فائنینس آفس۔ بجٹ سال ۳۲-۱۹۳۱ء تعدادی [illegible] | [illegible] کی منتقلی منظور ہے | ۷/اپریل | " |
| ۳ | سرر شتہ تعلیمات | کاغذات منتقلی از مدات ذیل سررشتہ برقی مدبین [illegible] بمد طبع فارم [illegible] | [illegible] کی منتقلی منظور ہے | ۹/اپریل ۱۹۳۲ء | " |
| ۴ | ہائی اسکول فائنینس آفس | منتقلی از مد رشتہ برقی بجٹ ہائی اسکول بمدات ذیل ہائی اسکول مد بجٹ فائنینس آفس [illegible] | [illegible] کی منتقلی منظور ہو | " | " |
| ۵ | دفتر صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس | کاغذات منظوری رخصت چار یوم صاحب ہوم ممبر بہادر از ۱۰/اپریل | چار روز کی رخصت منظور ہو بزمانہ رخصت صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کام انجام دینگے قلعہ میں کام کرینگے | ۱۰/اپریل ۱۹۳۲ء | " |
| ۶ | رجسٹری صدر | کاغذات اجازت استفادہ ایام تعطیلات عشرہ محرم بوجہ رجسٹرار صاحب | بزمانہ تعطیلات عشرہ محرم اجازت ہے | ۱۰/اپریل ۱۹۳۲ء | " |
| ۷ | " | " بکار تبدیلی وقت دفاتر از ۱۰/اپریل | بجائے ۱۰ بجے سے چار بجے تک کے ساتھ بجے سے ۱۲ بجے تک وقت تبدیل کیا جانا منظور ہے۔ | ۱۰/اپریل ۱۹۳۲ء | " |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۸ | فیل خانہ | کاغذات منظوری بھتہ زائد ایام فیلبانان نامعدہ تحصیلات من ابتدا ۱۵ جنوری لغایتہ ۲۳ جنوری مقداری سیعہ بحکم ما للعہ ۱۳ روپیہ | بھتہ زائد ازدہ ایام کی منظوری دی گئی | | منظور ہے |
| ۹ | " | کاغذات منظوری بھتہ زائد از دس یوم فیلبانان ہنگام شکار ریاست طلب تعدادی لعہ بحکم حساب ما لعہ ۱۱ روپیہ | " | | " |
| ۱۰ | اکاؤنٹنٹ آفس | کاغذات منظوری رخصت یکماہ رعایتی منشی شیام بہادر | رخصت یکماہ رعایتی بذمہ داری سپرنٹنڈنٹ منظور ہے | | " |
| ۱۱ | میڈیکل ڈیپارٹمنٹ | کاغذات توسیع مدت ملازمت ڈاکٹر ... از ۲۳ جنوری ۱۹۳۴ء لغایتہ ۹ مارچ ۱۹۳۴ء | توسیع ۲۳ جنوری سے ۹ مارچ تک منظور ہے | ۸ اپریل | " |
| ۱۲ | ریونیو آفس | کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت غلام باقی اہلمد | برقراری سلسلہ ملازمت منظور ہے | " | " |

... ... ...

... صاحب ...

## آرڈران کونسل :-
واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۲ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۴ اپریل ۱۹۳۲ء میں طے پایا کہ حسب تجویز صاحب پریسیڈنٹ بہادر میونسپلٹی کے متعلق وہ امور جو حسب صراحت میونسپل ایکٹ گورنمنٹ کے متعلق ہیں صاحب پریسیڈنٹ بہادر بذات خود فیصل فرمادیں اور بعد کو کونسل میں بغرض منظوری پیش کر دیئے جائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

## آرڈران کونسل :-
واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۲ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۴ اپریل ۱۹۳۲ء میں کاغذات بابتہ گریجویٹی ملازمان پولیس پیش ہوئے طے پایا کہ:-

صاحب فنانس سکریٹری بہادر غور و مشورہ فرماکر ایک مناسب اسکیم بابتہ منظوری گریجویٹی یا پنشن کی مرتب کریں اور بغرض منظوری کونسل میں پیش کریں۔

جن ملازمان پولیس کی عمر پچپن سال سے متجاوز ہوگئی ہو ان کے متعلق صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو اجازت دیجاتی ہے کہ جو [illegible] سے مجبور و ناقابل ہوں ان کو [illegible] رخصت برطرف کر دیں۔ گریجویٹی کا سوال بعد تشخیص بعد میں طے ہوگا۔ لیکن جن ملازمان پولیس کو صاحب ڈپٹی انسپکٹر [illegible] بہادر پولیس [illegible] رخصت دیجائے [illegible] برطرف متصور ہوں گے۔

حکم ہوا

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ بغرض اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب بہادر کونسل

## آرڈران کونسل :-
واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۲ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۴ اپریل ۱۹۳۲ء میں کاغذات بابتہ سفرخرچ افسران پولیس پیش ہوئے طے پایا کہ:-

افسران پولیس جبکہ وہ بکار سرکار کہیں جائیں تو صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس بجائے ضرورت مناسب رقم بطور سفرخرچ واقعی دلوادیں۔ یہ رقم بجٹ منظور شدہ کے اندر ہوگی۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

## آرڈران کونسل۔ ۱۹ر اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۱۴ر اپریل سنہ ۱۹۳۴ء
میں کاغذات بابتہ مراسلت اشلہ مقدمات فوجداری
جوڈیشلی و اور مجسٹریٹی پیش ہوتے۔ طے پایا کہ جیسے تجویز
صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اسپی اشلہ محافظ خانہ
سیکشن ۲ سے صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر
پولیس کے طلب کرنے پر بھیجدیجائیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک
نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل)

نقل تحریر صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر واقع ۱۱ر اپریل ۱۹۳۴ء
بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من

بموجب احکام اجلاس ہمایوں صرف منسٹران صاحبان بہادر
وعدالتہائے سرکار فوجداری دیوانی کے معاملات کی اشلہ
محافظ خانہ سے بغیر وساطت منسٹر متعلق طلب کرسکتے
ہیں۔ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر ڈپارٹمنٹ
مذکور کی تنظیم فرمارہے ہیں اور موجودہ مشکلات محافظ خانہ
کی بابتہ رائے بھی دریافت فرمائی ہے میری رائے
میں صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کو
بشرطیکہ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اتفاق رائے
فرمائیں براہ راست اشلہ طلب کرنیکی اجازت دیجائے البتہ
بعض اہم مقدمات کی اشلہ صرف منسٹر انچارج کی اجازت سے
بھیجی جائیں۔ (دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

# احکام اجلاس جناب پریذیڈنٹ صاحب بہادر کونسل

## حکم

(مورخہ ۱۳ اپریل ۱۹۳۲ء)

مثل رپورٹ اکاونٹنٹ جنرل صاحب دربارۂ اینکہ میاں عطاء الرحمن صاحب بہادر گارڈین عالیجناب نواب ولیعہد بہادر کا ابتدائی تقرر ۱۲ نومبر ۱۹۲۲ء کو ہوا۔ اور ۱۹ جولائی ۱۹۳۰ء کو ملازمت سے سبکدوش کئے گئے بعد ازاں بحکم ۲۳ دسمبر ۱۹۳۱ء تقرر منظور ہوا۔ پانچ ماہ پانچ یوم ملازمت سے سبکدوش رہے۔ سلسلہ ملازمت قائم فرمادیا جائے۔ مگر ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دی جائے گی۔ برنبائے تحریر صاحب گارڈین بہادر بابت علاوہ برقراری سلسلہ ملازمت

حکم

میاں عطاء الرحمن صاحب بہادر گارڈین عالیجناب نواب ولیعہد بہادر کا سلسلہ ملازمت سابقہ برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ متعلقہ کو مرسل ہوں۔ ۱۳ اپریل ۱۹۳۲ء بعد اجرائے اصل کابینہ کونسل میں پیش کر دیا جائے

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل

## روبکار

(مورخہ ۱۶ اپریل ۱۹۳۲ء)

بتاریخ ۱۴ اپریل ۱۹۳۲ء ممبران میونسپل بورڈ مندرجہ فہرست کا انتخاب تحت قانون میونسپل بورڈ عمل میں آیا ہے۔ جس کی برائے اطلاع عام مشتہر کئے جانے کی ضرورت ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

فہرست معہ حکم ہذا برائے اندراج گزٹ منیجر مطبع کے پاس مرسل ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل

| نمبر شمار | تاریخ تقرر | نام ممبر | نمبر حلقہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| (۱) | ۱۳ اپریل ۱۹۳۲ء | منشی حامد علیخاں | متفرقہ | |
| (۲) | 〃 | منشی محمود حسن خاں | 〃 | |
| (۳) | 〃 | منشی خلیق احمد | 〃 | |
| (۴) | 〃 | منشی لالہ مرلی منوہر | 〃 | |
| (۵) | 〃 | منشی شفیع احمد خاں صاحب | حلقہ | |
| (۶) | 〃 | منشی احسان احمد خاں | 〃 | |
| (۷) | 〃 | منشی نور النبی خاں | 〃 | |
| (۸) | 〃 | منشی بنسی بہول کشور | 〃 | |
| (۹) | 〃 | حکیم نبی احمد خاں | حلقہ | |
| (۱۰) | 〃 | منشی عبد اللطیف خاں | 〃 | |
| (۱۱) | 〃 | منشی عبد الوحید خاں | 〃 | |
| (۱۲) | 〃 | منشی گوپی رمن | 〃 | |

**حکم** :- واقع ۱۰ اپریل سنہ ۴۰ء

ڈاکٹر جانسن لیڈی ڈاکٹر نے قبل ازیں اپنی رخصت کی درخواست پیش کی تھی۔ جس پر پیشگاہ عالی سے حکم صادر فرمایا گیا تھا۔ کہ خاص ضرورت کے وقت رخصت دی جاسکتی ہے لیڈی ڈاکٹر مذکور کو ۲ مئی سے ۱۵ جون تک چھ ہفتہ کی رخصت درکار ہے۔ لہذا رخصت رعایتی چھ ہفتہ منظور کیجاتی ہے

انکی غیر موجودگی میں اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر کام انجام دیں گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ کونسل